ضروری ہدایات برائے بیرونِ ملک طلباء

آن لائن امتحانات برائے بیرونِ ملک پاکستانی طلباء سمسٹر بہار 2020

(Online Exams for Overseas Pakistani Students Semster, Spring 2020)

عزیز طلبہ!

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ کرونا وائرس (Covid-19) کے پیش نظر بیشتر تعلیمی ادارے بند ہیں جسکی وجہ سے یونیورسٹی نے بیرون ملک مقیم طلباء کا امتحان آن لائن بذریعہ لرننگ مینجمنٹ سسٹم (LMS) Online through لینے کا فیصلہ کیا ہے۔اس کیلئے ضروری نکات درج ذیل ہیں۔

(1) آن لائن امتحان کیلئے لرننگ مینجمنٹ سسٹم پر ہر طالبعلم کا اکاؤنٹ بنا دیا گیا ہے۔لاگ اِن آئی ڈی (login-ID) اور پاسورڈ (Password) بذریعہ ای میل دیا گیا ہے۔ اگر کسی طالبعلم کو دشواری ہو تو فون نمبر 0519250051 پر یا ای میل conduct.exams@aiou.edu.pk پر email کر کے مدد لی جاسکتی ہے۔

(2) اپنا لرننگ مینجمنٹ سسٹم اکاؤنٹ وقتاً فوقتاً چیک کریں۔ جلد ہی کورسز اکاؤنٹ میں اور یونیورسٹی ویب سائٹ پر آن لائن امتحانات کا شیڈول / ڈیٹ شیٹ اور رولنمبر سلپ جاری کر دی جائیں گی۔

(3) سوالیہ پرچہ چار سوالات پر مشتمل ہوگا اور ڈیٹ شیٹ پر دیئے گئے وقت کے مطابق جی ایم ٹی (10:00hrs) پر متعلقہ کورس اکاؤنٹ میں اَپ لوڈ (Upload) ہوگا اور طالبعلم اپنے جوابات خود اپنے ہاتھ سے کسی بھی قسم کی سفید شیٹ / کاغذ پر حل کرنے کے بعد سکین (Scan) کرے اور پی ڈی ایف (PDF) فائل جس کا سائز 5MB سے زیادہ نہ ہو 6 گھنٹے کے اندر لرننگ مینجمنٹ سسٹم اکاؤنٹ میں اَپ لوڈ (upload) کرے۔

(4) امتحان کے لئے 6 گھنٹے (آغاز **10:00hrs GMT** اور اختتام **16:00hrs GMT**) کا وقت دیا جائے گا ہے طالب علم اپنے جوابات کی سکین (Scan) مقررہ وقت میں مکمل کرلے۔ کیونکہ مقررہ وقت (16:00hrs) کے بعد اَپ لوڈ (upload) کی سہولت ختم کر دی جائے گی اور اسطرح وہ امتحان میں ناکام تصور ہوگا۔

(5) آپ کے ملک کا مقامی وقت (Local Time) آپ کی ڈیٹ شیٹ (Date Sheet) اور سوالیہ پرچہ پر درج ہے۔

(6) جوابات اپنے ہاتھ سے ہی لکھیں اور ہر صفحے پر دستخط لازمی کریں۔ ہر کورس کے جوابات کے آخر میں بیان حلفی (جو کہ ان ہدایات کے آخر میں ہے) لازمی پُر کریں۔

(7) ٹائپ شدہ جوابات یا کسی اور کے ہاتھ سے لکھے گئے جوابات مسترد کر دیے جائیں گے اور نقل کا مقدمہ (unfair means case) بنایا جائے گا۔ آپ کی لکھائی کی تصدیق آپ کی پہلے جمع شدہ مشقوں یا پرانے جوابی پرچوں کے ساتھ کی جائے گی۔

(8) آن لائن امتحانات کی دیگر ہدایات ویب سائٹ اور ای میل کے ذریعے جاری کی جائیں گی۔

ڈاکٹر ملک توقیر احمد خان

(کنٹرولر امتحانات)

فون نمبر: 0519250051

(conduct.exams@aiou.edu.pk)

بیان حلفی

آن لائن امتحانات برائے بیرونِ ملک پاکستانی طلباء سمسٹر بہار 2020

(Online Exams for Overseas Pakistani Students Semster, Spring 2020)

نام طالب علم------------------------------ والد کا نام---------------------------

رول نمبر------------------------------------ رجسٹریشن نمبر-------------------------

وقت (GMT)--------------------------------- تاریخ--------------------------------

میں حلفیہ بیان کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے اپنی رول نمبر سلپ کے مطابق دیئے گئے کورس کوڈ کے جوابات خود اپنے ہاتھ سے تحریر کر کے پی ڈی ایف فائل (سائز 5MB سے زیادہ نہیں) بنا لی ہے اور مقررہ وقت پر اَپ لوڈ (upload) کر رہا/رہی ہوں۔ جوابات پہلے سے جمع شدہ مشقوں یا پرانے جوابی پرچوں کے ساتھ تصدیق کی صورت میں اگر کوئی چال بازی یا چربہ سازی پائی گوئی تو میرے خلاف نقل کا مقدمہ (UMC) بنایا جائے۔

دستخط طالب علم-----------------------